روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com
جمعہ 20 مئی 2005ء 11 ربیع الثانی 1426 ہجری 20 ہجرت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 111

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن میں ہمارا خدا اپنی خوبیوں کے بارے میں فرماتا ہے تمہارا خدا وہ خدا ہے جو اپنی ذات اور صفات میں واحد ہے نہ کوئی ذات اس کی ذات جیسی ازلی اور ابدی یعنی انادی اور اکال ہے نہ کسی چیز کے صفات اس کی صفات کے مانند ہیں۔ انسان کا علم کسی معلم کا محتاج ہے اور پھر محدود ہے مگر اس کا علم کسی معلم کا محتاج نہیں اور بایں ہمہ غیر محدود ہے۔ انسان کی شنوائی ہوا کی محتاج ہے اور محدود ہے مگر خدا کی شنوائی ذاتی طاقت سے ہے اور محدود نہیں۔ اور انسان کی بینائی سورج یا کسی دوسری روشنی کی محتاج ہے اور پھر محدود ہے مگر خدا کی بینائی ذاتی روشنی سے ہے اور غیر محدود ہے۔ ایسا ہی انسان کی پیدا کرنے کی قدرت کسی مادہ کی محتاج ہے اور نیز وقت کی محتاج اور پھر محدود ہے۔ لیکن خدا کی پیدا کرنے کی قدرت نہ کسی مادہ کی محتاج ہے نہ کسی وقت کی محتاج اور غیر محدود ہے کیونکہ اس کی تمام صفات بے مثل و مانند ہیں اور جیسے کہ اس کی کوئی مثل نہیں اس کی صفات کی بھی کوئی مثل نہیں۔ اگر ایک صفت میں وہ ناقص ہو تو پھر تمام صفات میں ناقص ہوگا۔ اس لئے اس کی توحید قائم نہیں ہو سکتی جب تک کہ وہ اپنی ذات کی طرح اپنے تمام صفات میں بے مثل و مانند نہ ہو۔ پھر اس سے آگے آیت ممدوحہ بالا کے یہ معنے ہیں کہ خدا نہ کسی کا بیٹا ہے اور نہ کوئی اس کا بیٹا ہے۔ کیونکہ وہ غنی بالذات ہے۔ اس کو نہ باپ کی حاجت ہے اور نہ بیٹے کی۔ یہ توحید ہے جو قرآن شریف نے سکھلائی ہے جو مدار ایمان ہے۔ اور اعمال کے متعلق یہ آیت جامع قرآن شریف میں ہے (۔) یعنی خدا تمہیں حکم دیتا ہے کہ انصاف کرو اور عدل پر قائم ہو جاؤ۔ اور اگر اس سے زیادہ کامل بننا چاہو تو پھر احسان کرو۔ یعنی ایسے لوگوں سے سلوک اور نیکی کرو جنہوں نے تم سے کوئی نیکی نہیں کی اور اگر اس سے بھی زیادہ کامل بننا چاہو تو محض ذاتی ہمدردی سے اور محض طبعی جوش سے بغیر نیت کسی شکر یا ممنون منت کرنے کے بنی نوع سے نیکی کرو۔ جیسا کہ ماں اپنے بچہ سے فقط اپنے طبعی جوش سے نیکی کرتی ہے۔ فرمایا کہ خدا تمہیں اس سے منع کرتا ہے کہ کوئی زیادتی کرو یا احسان جتلاؤ یا سچی ہمدردی کرنے والے کے کافر نعمت بنو اور اسی آیت کی تشریح میں ایک اور مقام میں فرماتا ہے۔ یعنی کامل راستباز جب غریبوں اور یتیموں اور اسیروں کو کھانا دیتے ہیں تو محض خدا کی محبت سے دیتے ہیں نہ کسی اور غرض سے دیتے ہیں اور وہ انہیں مخاطب کر کے کہتے ہیں کہ یہ خدمت خاص خدا کے لئے ہے۔ اس کا ہم کوئی بدلہ نہیں چاہتے اور نہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارا شکر کرو۔

(لیکچر لاہور۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 154)

غوروفکر کی حدود

حضرت ابوذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔

اللہ کی مخلوق کے بارہ میں غوروفکر کیا کرو لیکن اللہ کی ذات کے بارہ میں نہ سوچو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے کیونکہ تم اس کی قدرت کا احاطہ نہیں کر سکتے۔

(العظمة جلد1 صفحه215 حديث نمبر4 ۔5 باب الامر بالتفكر فى آيات الله از عبدالله بن محمد اصبهانى ۔ دار العلميه رياض)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ جمعہ یوگنڈا سے براہ راست

20 مئی 2005ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ ایم ٹی اے پر پاکستانی وقت کے مطابق 3:00 بجے دوپہر یوگنڈا سے براہ راست نشر کیا جائے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

احباب دعائیں جاری رکھیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی والدہ ماجدہ حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کے متعلق تازہ اطلاع یہ ہے کہ طبیعت آہستہ آہستہ بہتر ہو رہی ہے اور آپ ہسپتال سے گھر واپس آ گئی ہیں۔ لیکن کمزوری ابھی بھی بہت ہے۔ احباب دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت وجود کو محض اپنے فضل وکرم سے مکمل صحت یابی عطا فرمائے اور ہر آن اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ (آمین)

راہ خدا میں جان قربان کرنے والوں کے ورثاء متوجہ ہوں

☆ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے خطبات میں شہدائے احمدیت کا جو تذکرہ فرمایا تھا وہ محفوظ ہے۔ اس تذکرہ کے علاوہ بھی حضور نے بوقت شہادت شہداء کے لواحقین کے نام خط یا پیغام کے ذریعہ اپنے جذبات بھجوائے ہوں گے یا خطبہ میں ذکر کیا ہوگا۔ شہداء کے لواحقین سے درخواست ہے کہ ایسی تحریرات کی فوٹو کاپی اور اگر خطبہ جمعہ/خطاب کا حوالہ ہو تو ادارہ طاہر فاؤنڈیشن کو مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال کر کے ممنون فرمائیں۔

سیکرٹری طاہر فاؤنڈیشن
احاطہ دفتر پرائیویٹ سیکرٹری ربوہ
فون فیکس: 213238
ای میل:
Secretary@tahirfoundation.org
info@tahirfoundation.org
(سیکرٹری طاہر فاؤنڈیشن)

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

منگل 24 مئی 2005ء

12-00 a.m	بچوں کا پروگرام
12-40 a.m	لقاء مع العرب
2-00 a.m	چلڈرنز کلاس
3-05 a.m	علمی خطابات
4-00 a.m	خطبہ جمعہ
5-05 a.m	تلاوت، درس، خبریں
6-05 a.m	بچوں کا پروگرام
6-25 a.m	لقاء مع العرب
7-30 a.m	جلسہ سالانہ امریکہ
8-30 a.m	سوال وجواب
9-45 a.m	کوئز۔ روحانی خزائن
11-00 a.m	تلاوت، درس، خبریں
11-50 a.m	گلشن وقف نو
12-55 p.m	بچوں کا پروگرام
1-10 p.m	لجنہ میگزین
2-05 p.m	سوال وجواب
3-10 p.m	انڈونیشین پروگرام
4-10 p.m	سندھی پروگرام
5-00 p.m	تلاوت، درس، خبریں
6-05 p.m	بنگلہ پروگرام
7-15 p.m	خطاب حضور ایدہ اللہ جلسہ سالانہ ہالینڈ
8-20 p.m	سفر ہم نے کیا
9-00 p.m	گلشن وقف نو
10-10 p.m	سوال وجواب
11-10 p.m	بچوں کا پروگرام
11-45 p.m	عربی پروگرام

بدھ 25 مئی 2005

12-50 a.m	لقاء مع العرب
2-00 a.m	لجنہ میگزین
2-50 a.m	گلشن وقف نو
4-00 a.m	جلسہ سالانہ ہالینڈ
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 a.m	بچوں کا پروگرام
6-35 a.m	لقاء مع العرب
7-45 a.m	ورائٹی پروگرام
8-10 a.m	خطبہ جمعہ
9-00 a.m	تقاریر جلسہ سالانہ
9-25 a.m	سفر ہم نے کیا
10-20 a.m	سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
11-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-05 p.m	گلشن وقف نو
1-05 p.m	ہماری کائنات
1-30 p.m	بچوں کا پروگرام
2-05 p.m	سوال وجواب
3-05 p.m	انڈونیشین پروگرام
4-05 p.m	سواحیلی پروگرام
5-00 p.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-10 p.m	بنگلہ پروگرامز
7-10 p.m	خطبہ جمعہ
8-05 p.m	تقاریر جلسہ سالانہ
8-35 p.m	ہماری کائنات
9-00 p.m	گلشن وقف نو
10-00 p.m	بچوں کا پروگرام
10-35 p.m	سوال وجواب
11-35 p.m	عربی پروگرام

جمعرات 26 مئی 2005ء

12-30 a.m	لقاء مع العرب
1-30 a.m	ورائٹی پروگرام
1-50 a.m	گلشن وقف نو
2-50 a.m	تقاریر جلسہ سالانہ
3-15 a.m	سفر ہم نے کیا
4-15 a.m	خطبہ جمعہ
5-00 a.m	تلاوت، درس، خبریں
6-10 a.m	بچوں کا پروگرام
6-30 a.m	لقاء مع العرب
7-45 a.m	سفر بذریعہ ایم ٹی اے
8-20 a.m	ترجمۃ القرآن کلاس
9-20 a.m	اردو ادب کا احمدیہ دبستان
9-55 a.m	مشاعرہ
11-00 a.m	تلاوت، درس، خبریں
12-10 p.m	بستان وقف نو
1-20 p.m	المائدہ
1-45 p.m	ملاقات
2-55 p.m	انڈونیشین پروگرامز
4-00 p.m	پشتو پروگرام
5-00 p.m	تلاوت، درس، خبریں
6-15 p.m	بنگلہ پروگرام
7-20 p.m	ترجمۃ القرآن کلاس
8-15 p.m	اردو ادب کا احمدیہ دبستان
9-00 p.m	دورہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
10-00 p.m	ملاقات
11-15 p.m	یسرنا القرآن
11-30 p.m	عربی پروگرام

ضرورت چوکیداران

☆ دفاتر تحریک جدید انجمن احمدیہ کے لئے چند چوکیداران کی ضرورت ہے۔ خدمت کا جذبہ رکھنے والے خواہشمند افراد اپنی درخواستیں صدر/امیر کی تصدیق کے ساتھ وکالت علیا میں بھجوائیں۔ ریٹائرڈ فوجی حضرات کو ترجیح دی جائے گی۔ (وکیل اعلیٰ)

گم شدہ رسید بک

☆ مجلس انصاراللہ پاکستان کی رسید بک 3459 مجلس انصاراللہ دارالذکر لاہور سے جس کی رسیدات 1 تا 61 استعمال ہو چکی ہیں۔ گم ہو گئی ہے۔ درج بالا رسید بک پر کسی قسم کا چندہ ادا نہ کیا جائے۔ اگر کسی دوست کو ملے تو براہ کرم دفتر میں بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ (قائد مال انصاراللہ پاکستان۔ ربوہ)

گمشدہ بٹوہ

☆ مکرم عبدالستار خان صاحب تحریر کرتے ہیں کہ ریلوے پھاٹک سے دارالنصر آتے ہوئے ایک عدد بٹوہ گر گیا ہے۔ جس میں شناختی کارڈ۔ ضروری کاغذات اور نقدی ہے۔ براہ کرم جس دوست کو ملا ہو تو دفتر الفضل میں خاکسار کو پہنچا دیں یا فون نمبر 214993 یا 213029 پر اطلاع دے دیں۔

اعلان داخلہ

1۔ انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن کراچی نے درج ذیل پروگرامز میں داخلے کا اعلان کیا ہے:۔ (i) ایم بی اے۔ (ii) ایم بی اے، ایم آئی ایس۔ (iii) ایم ایس (اکنامکس)۔ (iv) ایم ایس (فنانس)۔ (v) پی ایچ ڈی (ایم آئی ایس/ آئی سی ٹی/ سی ایس ای)۔ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ مورخہ 28 مئی 2005ء ہے جبکہ داخلہ ٹیسٹ 5 جون 2005ء کو ہوگا۔ مزید معلومات کے لئے روزنامہ جنگ مورخہ 15 مئی 2005ء کو ملاحظہ کریں۔

2۔ انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان نے پوسٹ گریجوایٹ پروفیشنل پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 18 جون 2005ء ہے جبکہ داخلہ ٹیسٹ سے مستثنیٰ افراد کے لئے آخری تاریخ 25 جون 2005ء ہے۔ مزید معلومات کے لئے روزنامہ جنگ مورخہ 15 مئی 2005ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

ولادت

☆ مکرم حافظ مزمل احمد جمالی صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کو خدا تعالیٰ نے مورخہ 6 مئی 2005ء کو پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے۔ بیٹے کا نام دانیال احمد جمالی رکھا گیا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے بچے کو نیک، خادم دین، باعمر اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

درخواست دعا

☆ مکرم مرزا سلیم بیگ صاحب ٹاؤن شپ لاہور موٹر سائیکل پر جا رہے تھے۔ رستہ میں حادثہ پیش آ گیا۔ چوٹیں لگی ہیں۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کے لئے درخواست دعا ہے۔

☆ مکرم ولی الرحمٰن سنوری صاحب تحریک جدید ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ مکرم ملک صلاح الدین صاحب ولد مکرم ضیاء الدین صاحب (احمد جیولرز) گزشتہ چند دنوں سے ہارٹ اٹیک اور فالج کی وجہ سے فضل عمر ہسپتال ربوہ میں داخل ہیں۔ حالت قابل فکر ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے شفاء کاملہ سے نوازے ہر آن حامی و ناصر ہو۔

☆ مکرم محمد ایوب چغتائی صاحب رحمٰن پورہ لاہور کے دل کا اپریشن ہوا ہے احباب جماعت سے کاملہ و عاجلہ شفایابی کی درخواست دعا ہے۔

☆ مکرم محمد یونس صاحب کارکن دفتر نمائش تحریر کرتے ہیں کہ میری بھانجی مالا بنت مکرم ناصر احمد صاحب دارالیمن غربی ربوہ بعمر 10 سال کے دل کا آپریشن مورخہ 19 مئی کو چلڈرن ہسپتال لاہور میں متوقع ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ بچی کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔ نیز ہر قسم کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔

☆ مکرم منیر احمد صاحب ملک تحریر کرتے ہیں کہ مکرم چوہدری بشارت احمد صاحب ہائی بلڈ پریشر اور شوگر کی وجہ سے بیمار ہیں۔ اور فضل عمر ہسپتال میں داخل ہیں۔ ان کی صحت کاملہ و عاجلہ اور درازی عمر کے لئے درخواست دعا ہے۔

☆ مکرم قمر احمد عامر صاحب لاہور کی بچی بعمر چار سال کافی دنوں سے بخار کی وجہ سے بیمار ہے احباب جماعت سے شفائے کاملہ و عاجلہ کے لئے درخواست دعا ہے۔

☆ محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ لاہور بیمار ہیں احباب جماعت سے ان کی شفائے کاملہ و عاجلہ کے لئے درخواست دعا ہے۔

☆ محترمہ اہلیہ صاحبہ ظفر احمد مرزا صاحب مرحوم لاہور بیمار ہیں احباب جماعت سے شفائے کاملہ و عاجلہ کے لئے درخواست دعا ہے۔

☆ مکرم ناصر احمد صاحب کارکن دفتر الفضل تحریر کرتے ہیں کہ میرے بھائی مکرم منور احمد قمر صاحب جرمنی بوجہ شوگر بیمار ہیں۔ ہسپتال میں زیر علاج ہیں احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت و سلامتی والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔

☆ مکرم رانا منظور احمد صاحب صدر جماعت احمدیہ ٹیکسلا تحریر کرتے ہیں کہ مکرم مجید احمد مبارک صاحب ابن مکرم مولانا غلام احمد صاحب بدوملہی نے 26/ اپریل کو شفاء انٹرنیشنل ہسپتال اسلام آباد سے گردے کی پتھری کا آپریشن کروایا جس میں کچھ پیچیدگی ہو گئی ہے احباب جماعت سے درخواست ہے کہ وہ ان کی جلد شفایابی اور پیچیدگیوں سے محفوظ رہنے کے لئے دعا کریں۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

آنحضرت ﷺ کے دور مبارک میں افریقہ کے خوش قسمت صحابہؓ

محمد اشرف کاہلوں صاحب

جزیرہ نما عرب میں جب نور اسلام کی ضیا پاشی ہوئی تو اس نے جہاں عربوں کے دلوں کو منور کرنا شروع کیا۔ وہاں غیر عرب لوگوں کے سینوں کو بھی روشن کیا۔ ان غیر عرب نفوس میں افریقی لوگ بھی شامل تھے جو آغاز اسلام سے ہی حلقۂ بگوش اسلام ہونا شروع ہوگئے تھے۔

عرب میں افریقیوں کی آمد کا پتہ دو ذرائع سے ملتا ہے۔ اول یہ کہ عربوں کے اہل افریقہ بالخصوص شمالی علاقوں کے ساتھ گہرے تجارتی روابط زمانہ قدیم سے چلے آ رہے تھے۔ بائبل بھی اس امر پر روشنی ڈالتی ہے۔ جس پر حضرت یوسفؑ کا واقعہ شاہد ناطق ہے جب آپ ایک تجارتی قافلہ جو اسماعیلیوں پر مشتمل تھا کے ہاتھ فروخت کئے گئے۔ اہل حبشہ کے تجارتی کارواں مکہ اکثر آیا کرتے تھے۔ تاریخ سے ثابت ہے کہ زمانہ قحط میں اہل حبشہ کا ایک تجارتی قافلہ مکہ آیا۔ تو مقامی بدقماش لوگوں نے اسے لوٹنا شروع کر دیا۔ مکہ کے چند معززین نے مداخلت کر کے قافلہ کو بچایا۔ اس واقعہ کی اطلاع جب نجاشی کو ملی تو اس نے ناراضگی اور غم وغصہ کا اظہار کیا۔ مزید برآں یہ دھمکی بھی دی کہ اگر اہل حبشہ کے تجارتی قافلوں کا تحفظ نہ کیا گیا تو تجارتی تعلقات منقطع کر دیئے جائیں گے۔ اہل مکہ کو جب یہ خبر ملی تو انہوں نے باقاعدہ سفارتی سطح پر نجاشی سے معذرت کی اور استدعا کی کہ وہ مکہ کے ساتھ تجارتی تعلقات کو سرکاری طور پر بحال رکھے۔ تجارتی قافلوں کی حفاظت کے ضمانت نامہ کے طور پر اہل مکہ نے اپنا ایک آدمی بطور یرغمال دربار نجاشی میں بھیجا۔ نجاشی پر اس کا گہرا مثبت اثر پڑا۔ اور اس نے تجارتی ارتباط کو بحال رکھنے کی اجازت دے دی۔ ان تعلقات کے پیش نظر نجاشی اہل مکہ سے متعارف ہو چکا تھا۔ دوسرا یہ کہ غلاموں کی خرید وفروخت کے نتیجہ میں حبشیوں کی کثیر تعداد عرب بالخصوص مکہ اور مدینہ میں موجود تھی جو غلامانہ زندگی بسر کر رہی تھی۔

اسلام کا حسن ان حبشیوں میں سرایت کر چکا تھا۔ اور وہ دولت اسلام سے بہرہ ور ہوئے دل وجان سے آنحضورؐ پر فدا ہو گئے ان چند غلامانِ محمدؐ کا اجمالی تذکرہ مقصود تحریر ہے۔

حضرت ام ایمنؓ

آنحضرتؐ کے والد ماجد حضرت عبداللہ کی آپ حبشی لونڈی تھیں مقام ابواء پر جب رسول کریمؐ کی والدہ ماجدہ کا وصال ہوا۔ تو آپ ہی حضرت اقدس محمد ﷺ کو بحفاظت مکہ لائیں۔ رسول مقبولؐ کی پرورش میں حضرت ام ایمنؓ کا بڑا ہاتھ رہا۔ قبول اسلام کی سعادت پائی۔ حضرت زیدؓ جو حضور ﷺ کے آزاد کردہ غلام تھے سے آپ کی شادی ہوئی۔ آپ کے بطن سے حضرت اسامہ بن زیدؓ نامور صحابی رسولؐ پیدا ہوئے۔

حضرت رسول اکرمؐ کو آپ سے بے حد محبت تھی۔ حضرت ام ایمنؓ بھی جان نثار صحابیہ تھیں۔

حضرت بلالؓ

آپؓ مکہ میں غلام کی حیثیت سے زندگی کے دن گزارتے تھے۔ آنحضورؐ کا خلق عظیم اور اسلام کا حسن و جمال آپ کے سامنے تھا۔ غلام ہوتے ہوئے اسلام کو جرأت مندی سے قبول کیا۔ راہ اسلام میں درپیش آزمائشوں کو پامردی سے سر کیا۔ پائے ثبات میں لغزش تک نہ آئی۔ ابتلاؤں میں دوسروں کے لئے نمونہ بن گئے۔ حضرت ابوبکرؓ نے خرید کر آزاد کر دیا۔ مؤذن ہونے کا شرف پایا۔ فتح مکہ کے موقعہ پر خاص اعزاز پایا اور ''امان'' کا نشان بنے۔

خادمانہ روح کے ساتھ آنحضرتؐ کی قدم بوسی کرتے رہے۔ جنگ بدر میں آپ کے ہاتھوں امیہ بن خلف قتل ہوا۔ رسول کریمؐ نے اہم مالی ذمہ داریاں بھی آپ کے سپرد کیں۔ آپ حقیقی عاشق رسولؐ ثابت ہوئے اور ''بلالی روح'' محاورہ بن گیا ہے۔

حضرت انجشہؓ

انجشہؓ نامی صحابی بھی حبشی النسل تھے۔ جو دوران سفر اہل بیت کی خدمت اور حفاظت پر مامور تھے۔ آپؓ حدی خواں تھے۔ سریلی سحر انگیز آواز تھی۔ حدی خوانی میں کمال حاصل تھا۔ آپ کی آواز پر اونٹوں کی رفتار میں اضافہ ہو جاتا۔ ایسے ہی ایک موقعہ پر حضرت اقدس محمد مصطفیٰؐ کے لب مبارک سے وہ کلمہ نکلا جو آج بھی عربی ادب کا بیش قیمت گوہر آبدار ہے اور مضامین کا سمندر ہے یعنی ''یا انجشہ رویدک بالقواریر''۔ انجشہ دیکھنا! آبگینوں کو آہستہ لے چل۔

مدینہ کے حبشی صحابہؓ

مدینہ کے نواح میں حبشیوں کی ایک الگ کالونی تھی۔ جب رسول کریمؐ مکہ سے ہجرت فرما کر ارض مدینہ میں رونق افروز ہوئے تو خیر مقدم اور استقبال کرنے والوں میں اس بستی کے باسیوں کا ایک دستہ بھی شامل تھا۔ خیر سگالی کے جذبہ سے سرشار ہو کر انہوں نے اپنے خاص فن کا مظاہرہ کیا۔

روایات سے یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ مدینہ میں موجود حبشیوں کی بڑی تعداد بلکہ بھاری اکثریت آغوش اسلام میں آ چکی تھی۔

ایک عید کے موقعہ پر ان حبشیوں کا اپنے فن کا پرجوش مظاہرہ ان کے قبول اسلام کا بین ثبوت ہے۔ حضرت عمرؓ نے روکنا چاہا تو آنحضورؐ نے حضرت عمرؓ کو منع فرمایا۔ اور فرمایا ''عمر! عید ہے''۔ پھر حبشیوں سے فرمایا ''بنوارفدہ! جاری رکھو''۔

حضرت عائشہؓ نے بھی ایک مظاہرہ کو آنحضرتؐ کی رفاقت میں دیکھا تھا۔

دیگر واقعات

☆ وہ مسلمان جو حبشہ ہجرت کر گئے تھے۔ انہوں نے حبشہ میں دعوت الی اللہ کے کام کو جاری رکھا۔ ان کی مساعی سے ستر حبشی مسلمان ہوئے اور بعد ازاں ہجرت کر کے مسلمانوں کے ساتھ مدینہ آئے اور مستقل طور پر مدینہ میں آباد ہو گئے۔

نجاشیؓ والئ حبشہ خود مسلمان ہوئے۔ ان کا ایک بیٹا بھی مسلمان ہوا۔ جو بعد میں مدینہ منورہ چلا آیا۔ یہ حضرت علیؓ کے گہرے دوست بنے۔ خود حضرت نجاشیؓ نے ایک نہایت قیمتی تحفہ ''نیزہ'' مدینہ روانہ کیا۔ حضرت بلالؓ یہ نیزہ تھامے اسلامی تقریبات میں رسول پاکؐ کے پاس کھڑے ہوتے۔

☆ مسجد نبوی کی صفائی روزانہ نہایت خوشدلی اور اخلاص کے ساتھ ایک عورت عہد نبویؐ میں کیا کرتی تھیں۔ یہ بوڑھی خاتون تھیں۔ یہ حبشن تھیں۔ آنحضرتؐ کو ان کے اخلاص کی وجہ سے ان سے خاص انس تھا۔ آپؐ نے کئی دن جب انہیں نہ دیکھا تو صحابہؓ سے دریافت فرمایا کہ وہ بوڑھی عورت کہاں ہے جو صفائی کیا کرتی تھیں۔ صحابہؓ نے عرض کی یا رسول اللہؐ! وہ تو بیمار ہو کر فوت ہو گئی ہیں۔ آپ کی تکلیف کی خاطر اس کا ذکر وفات آپؐ سے نہیں کیا۔ رسول کریمؐ ناراض ہوئے۔ اس متوفیہ کی قبر پر گئے اور دعا کی۔

☆ جنگ خیبر کے موقعہ پر ایک حبشی غلام نے اسلام قبول کیا۔ اس وقت اس کے پاس ریوڑ بھی تھا۔ حضرت اقدس محمد عربیؐ کی ہدایت پر اس نے ریوڑ کو اس کے مالک کے گھر کی طرف ہانک دیا۔ یہی حبشی غلام آنحضورؐ کی ہدایت پر سرکاری اونٹوں اور بھیڑوں کا انچارج مقرر ہوا۔ سرکاری چراگاہ پر ایک دفعہ ڈاکو پل پڑے اور آپؓ کو شہید کر دیا۔

☆ ایک حبشی عورت جو مجذومہ تھیں، بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئیں اور دعا کی درخواست کی۔ رسول اللہؐ نے فرمایا: آپ کی خواہش کے مطابق دعا کروں گا بشرطیکہ آپ صابر بنیں۔ پھر آپ نے اس کی درخواست پر دعا کی۔

''وحشی'' نامی شخص کا ذکر بھی ضروری ہے۔ مکہ میں غلامانہ زندگی گزار رہا تھا۔ جب جنگ بدر میں مکہ کے جگر گوشے واصل جہنم ہوئے تو اہل مکہ کے سینوں میں انتقام کی آگ کے شعلے بھڑک اٹھے۔ ہندہ جو ابوسفیان کی بیوی تھی۔ اس نے وحشی کو آزاد کرنے کی یہ شرط رکھی کہ وہ جنگ میں حضرت حمزہؓ کو شہید کر دے۔ غزوہ احد میں حضرت حمزہؓ اس کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ فتح مکہ کے بعد ''وحشی'' نے بارگاہ نبوت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیا۔ قبول اسلام کے بعد عہد خلافت ابوبکرؓ میں اس کے ہاتھوں مسیلمہ کذاب مارا گیا۔ اس کی زندگی کے یہ دو بڑے عجیب باب ہیں کہ حالت کفر میں اس نے نامور مجاہد اسلام حضرت حمزہؓ کو شہید کیا اور حالت ایمانی میں مسیلمہ کذاب جیسے موذی کو کیفر کردار تک پہنچایا۔

حبشی جاں نثاران اسلام تاریخ اسلام کا درخشاں اور تابناک باب ہے۔ اپنے اخلاص، صدق، وفا اور جذبہ قربانی سے یہ لوگ آنحضرتؐ کا قرب پا گئے۔ ہر معرکۂ زندگی میں وہ نمایاں نظر آتے ہیں۔ اہل حبشہ کے احسان کو رسول اللہؐ نے یاد رکھا۔ فرمایا ''اہل حبشہ کو امن میں رہنے دو۔ جب تک وہ امن میں رہتے ہیں'' یہ ان کے احسان کا بدلہ ہے کہ مسلمان فاتحین نے کبھی بھی حبشہ کو اپنے مفتوحہ علاقوں میں شامل نہ کیا۔

عبادت میں جو شغف اور ذوق اور حضوری عہد نبویؐ میں ان میں پائی جاتی تھی اس کا نمونہ حضرت بلالؓ کے اس واقعہ سے اظہر من الشمس ہے۔

ایک دن صبح حضرت رسول کریم ﷺ نے حضرت بلالؓ سے فرمایا اور پوچھا۔ تمہارا کونسا عمل ہے جس کے سبب میں نے جنت میں تمہاری جوتیوں کی آواز سنی ہے۔ حضرت بلالؓ نے عرض کی حضورؐ! میں جب بھی وضو کرتا ہوں دو رکعت نفل ضرور ادا کرتا ہوں۔

....

(African Muslims in the Time of the Prophet (PBUH), Written by Prof. Muhammad Hamidullah in the Muslim World Journal Shawwal 1405, P.22 to 26.)

حضرت مسیح موعود کی ماموریت کا چوبیسواں سال

1905ء کے چند اہم واقعات اور تائیدات الٰہیہ پر ایک نظر

نظام وصیت کا قیام ۔ نظام خلافت کی پیشگوئی صدر انجمن احمدیہ کی بنیاد اور عیدالفطر

مرتبہ حبیب الرحمٰن زیروی صاحب

''الوصیت'' کی تصنیف واشاعت اور نظام خلافت کے قیام کی پیشگوئی

اللہ تعالیٰ نے 1905ء میں حضرت مسیح موعود پر ظاہر فرمایا کہ آخری حصہ زندگی کا یہی ہے جواب گزر رہا ہے۔ چنانچہ 18/ اکتوبر 1905ء کو حضور نے رویا میں دیکھا کہ ''ایک کوری ٹنڈ میں کچھ پانی مجھے دیا گیا ہے۔ پانی صرف دو تین گھونٹ باقی اس میں رہ گیا ہے لیکن بہت مصفّٰی اور معطر پانی ہے۔'' اس کے ساتھ ہی الہام ہوا ''آب زندگی'' پھر الہام ہوا ''خدا کی طرف سے سب پر اداسی چھا گئی'' دسمبر 1905ء میں صاف بتایا گیا قرب اجلک المقدر (یعنی تیری اجل مقدر آ گئی ہے) بہت تھوڑے دن رہ گئے ہیں۔ اس دن سب پر اداسی چھا جائے گی۔ یہ ہوگا یہ ہوگا بعد اس کے تمہارا واقعہ ہوگا۔ تمام حوادث اور عجائبات قدرت دکھلانے کے بعد تمہارا حادثہ آئے گا۔

(تاریخ احمدیت جلد دوم صفحہ 435)

اس پر آپ نے ''الوصیت'' نام کے ماتحت ایک وصیت لکھ کر شائع فرمائی اور اس میں ان سارے الہامات کو درج کر کے اس بات کو ظاہر کیا کہ اب میری وفات کا وقت قریب ہے اور آپ نے اپنی تعلیم کا خلاصہ بیان کر کے جماعت کو نصیحت فرمائی کہ وہ آپ کے بعد آپ کی تعلیم پر قائم رہے اور درمیانی ابتلاؤں سے نہ ڈرے کیونکہ ابتلاؤں کا آنا بھی سنت اللہ کے ماتحت ضروری ہوتا ہے۔ اور آپ نے لکھا کہ ...... کا کام صرف تخم ریزی تک محدود ہوتا ہے۔ پس میرے ذریعہ سے یہ تخم ریزی ہو چکی ہے اور اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ بیج بڑھے گا اور پھولے گا اور ہر اک طرف سے اس کی شاخیں نکلیں گی اور ایک بڑا درخت ہو جائے گا۔ آپ نے یہ بھی لکھا کہ بسا اوقات ایک ...... کی وفات ایسے وقت میں ہوتی ہے جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے اندر رکھتا ہے اور مخالف لوگ ہنسی اور ٹھٹھا اور طعن و تشنیع سے کام لیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ بس اب یہ سلسلہ مٹ گیا۔ اور بعض کمزور مومن بھی ڈگمگانے لگتے ہیں۔ تب خدا اپنی دوسری قدرت کو ظاہر فرماتا ہے اور خلفاء کے ذریعہ بظاہر گرتی ہوئی عمارت کو سنبھال کر اپنی طاقت اور نصرت کا ثبوت دیتا ہے اور دشمن کی خوشی خاک میں مل جاتی ہے۔

دین واحد پر جمع کرنے کی وصیت

''الوصیت'' میں حضور نے جماعت کو یہ وصیت بھی فرمائی کہ۔ ''خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ان تمام روحوں کو جو زمین کی متفرق آبادیوں میں آباد ہیں کیا یورپ اور کیا ایشیا، ان سب کو جو نیک فطرت رکھتے ہیں توحید کی طرف کھینچے اور اپنے بندوں کو دین واحد پر جمع کرے۔ یہی خدا تعالیٰ کا مقصد ہے جس کے لئے میں دنیا میں بھیجا گیا۔ سو تم اس مقصد کی پیروی کرو مگر نرمی اور اخلاق اور دعاؤں پر زور دینے سے۔''

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 306)

بہشتی مقبرہ کا قیام

حضور نے خدائی بشارت کے ماتحت ایک مقبرہ کی تجویز بھی کی۔ جس کے متعلق حضور کا منشا تھا کہ اس میں ان صادق الارادت لوگوں کی قبریں ہوں۔ جنہوں نے اپنی زندگی نیکی، تقویٰ اور طہارت میں گزاری ہو اور مالی اور جانی قربانیوں میں ایک شاندار مثال قائم کی ہو اور اس مقبرہ کا نام حضور نے الٰہی منشا کے ماتحت بہشتی مقبرہ رکھا۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

''مجھے ایک جگہ دکھائی گئی کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہوگی۔ ایک فرشتہ میں نے دیکھا کہ وہ زمین کو ناپ رہا ہے۔ تب ایک مقام پر اس نے پہنچ کر مجھے کہا کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہے پھر ایک جگہ مجھے ایک قبر دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ چمکتی تھی اور اس کی تمام مٹی چاندی کی تھی۔ تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے اور ایک جگہ مجھے دکھائی گئی اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا اور ظاہر کیا گیا کہ وہ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی قبریں ہیں جو بہشتی ہیں۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 316)

بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے کی شرائط

اس مقبرہ میں دفن ہونے کیلئے حضور نے وحی خفی کے ماتحت چند شرطیں بھی لگا دیں جو حسب ذیل ہیں:۔

1۔ پہلی شرط یہ ہے کہ ہر ایک شخص جو اس قبرستان میں دفن ہونا چاہتا ہے۔ اپنی حیثیت کے لحاظ سے ان مصارف کے لئے چندہ داخل کرے۔

2۔ دوسری شرط یہ ہے کہ تمام جماعت میں سے اس قبرستان میں وہی مدفون ہوگا۔ جو یہ وصیت کرے کہ جو اس کی موت کے بعد دسواں حصہ اس کے تمام ترکہ کا حسب ہدایت اس سلسلہ کے (۔) اور (۔) احکام قرآن میں خرچ ہوگا اور ہر ایک صادق الایمان کو اختیار ہوگا کہ اپنی وصیت میں اس سے بھی زیادہ لکھ دے، لیکن اس سے کم نہیں ہوگا۔

3۔ تیسری شرط یہ ہے کہ اس قبرستان میں دفن ہونے والا متقی ہو۔ اور محرمات سے پرہیز کرتا ہو اور کوئی شرک اور بدعت کا کام نہ کرتا ہو۔ سچا اور صاف (۔) ہو۔

ان شرائط کے علاوہ حضور نے آخر میں ایک امر کا اضافہ ان الفاظ میں بھی کیا ہے کہ:

''ہر ایک صالح جو اس کی کوئی بھی جائیداد نہیں۔ اور کوئی مالی خدمت نہیں کر سکتا۔ اگر یہ ثابت ہو کہ وہ دین کے لئے اپنی زندگی وقف رکھتا تھا اور صالح تھا تو وہ اس قبرستان میں دفن ہو سکتا ہے۔''

انجمن کارپردازان مصالح قبرستان کا قیام

حضور نے اس مقبرہ کے انتظام کیلئے ایک انجمن بھی قائم فرمائی جس کا نام ''انجمن کارپردازان مصالح قبرستان'' رکھا۔ حضرت اقدس نے اس انجمن کا صدر حضرت مولانا حکیم نور الدین صاحب کو مقرر فرمایا۔ اور اس بات کو لازمی قرار دیا کہ کم از کم دو ممبر اس انجمن کے عالم دین ہونے چاہئیں۔

(حیات طیبہ صفحہ 306)

نظام نو کی بنیاد

تحریک الوصیت دراصل دنیا کے نظام نو کی بنیاد ہے۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود کے نائب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے 1942ء میں اس کی وضاحت میں فرمایا تھا ''جب وصیت کا نظام مکمل ہوگا تو صرف (۔) ہی اس سے نہ ہوگی بلکہ (۔) کے منشاء کے ماتحت ہر فرد بشر کی ضرورت کو اس سے پورا کیا جائے گا اور دکھ اور تنگی کو دنیا سے مٹا دیا جائے گا۔ انشاء اللہ یتیم بھیک نہ مانگے گا۔ بیوہ لوگوں کے آگے ہاتھ نہ پھیلائے گی۔ بے سامان پریشان نہ پھرے گا۔ کیونکہ وصیت بچوں کی ماں ہوگی۔ جوانوں کی باپ ہوگی۔ عورتوں کا سہاگ ہو گی۔ اور جبر کے بغیر محبت اور دلی خوشی کے ساتھ بھائی بھائی کی اس کے ذریعہ سے مدد کرے گا اور اس کا دینا بے بدلہ نہ ہوگا بلکہ ہر دینے والا خدا تعالیٰ سے بہتر بدلہ پائے گا۔ نہ امیر گھاٹے میں رہے گا نہ غریب نہ قوم قوم سے لڑے گی بلکہ اس کا احسان سب دنیا پر وسیع ہوگا۔''

(نظام نو صفحہ 113-112)

صدر انجمن احمدیہ کی بنیاد

''بہشتی مقبرہ'' کی آمد کی حفاظت اسے فروغ دینے اور خرچ کرنے کے لئے حضور نے ایک انجمن بنائی جس کا نام ''انجمن کارپردازان مصالح بہشتی مقبرہ'' تجویز فرمایا اور اس سلسلہ میں بعض خاص ہدایات دے کر الوصیت کے ساتھ بطور ضمیمہ درج کر کے لکھا کہ ''یہ ضروری ہوگا کہ مقام اس انجمن کا ہمیشہ قادیان رہے کیونکہ خدا نے اس مقام کو برکت دی ہے۔'' یہ انجمن کوئی دنیوی یا جمہوری طرز کی کوئی انجمن نہیں تھی بلکہ ان اموال کی حفاظت اور توسیع اور اشاعت (۔) کی غرض سے بنائی گئی تھی جو نظام الوصیت کے نتیجہ میں جماعت کو عطا ہونے والے تھے۔ خواجہ کمال الدین صاحب نے مشورہ دیا کہ بہشتی مقبرہ والی انجمن کو قانونی وسعت دے کر دوسرے جماعتی اداروں (مثلاً ریویو آف ریلیجنز اور مدرسہ تعلیم الاسلام وغیرہ) کو بھی اس کے ساتھ شامل کر دیا جائے اور اس کا نام صدر انجمن احمدیہ رکھا جائے۔ جماعتی تنظیم کے اعتبار سے یہ ایک معقول اور مفید تجویز تھی اس لئے حضور نے اسے قبول بھی فرما لیا اور اس کے قواعد و ضوابط تجویز کر لئے گئے جو ''الحکم'' اور ''بدر'' میں جماعت کی اطلاع کے لئے شائع بھی کر دیئے گئے۔ اس طرح اصل ''انجمن کارپرداز مصالح قبرستان'' میں ہی دوسرے تمام جماعتی ادارے مدغم کر کے موجودہ صدر انجمن احمدیہ کی بنیاد پڑی۔ اور قواعد و ضوابط کے مطابق پہلی وصیت بابا محمد حسن صاحب اوجلوی کی منظور کی گئی۔

(تاریخ احمدیت جلد دوم صفحہ 441)

صدر انجمن کی جانشینی کا مطلب

حضرت اقدس نے لکھا ہے کہ انجمن خدا کے مقرر کردہ خلیفہ کی جانشین ہے۔ حضور کے اس فقرہ سے بعض لوگ یہ استدلال کرتے ہیں کہ جب حضور نے وصایا کے مال کی وصولی اور اشاعت وخدمت دین پر خرچ کرنے اور جماعت کے نظام کے لئے اپنے بعد ایک انجمن تجویز فرمائی۔ جسے اپنا جانشین قرار دیا اور جس کے فیصلہ کو جو کثرت رائے سے ہو جائے۔ اپنی وفات کے بعد قطعی قرار دیا تو ظاہر ہے کہ تمام جماعت کی مطاع وہی انجمن ہوئی اور اس کی کثرت رائے سے جو فیصلہ ہو اس کی اطاعت کرنا افراد جماعت کیلئے لازم ہوگا۔ معترضین کے اس استدلال کے جواب میں اس امر کو ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہئے کہ حضرت اقدس نے رسالہ الوصیت میں جماعت کے نظام کو چلانے کیلئے دو چیزوں کو ضروری قرار دیا ہے۔

(1) قدرت ثانیہ کو جو حضور کی زندگی میں موجود نہیں تھی۔ کیونکہ اس کا آنا حضور کے وصال کے بعد ہی مقدر تھا اور ظاہر ہے کہ اسے خلافت کے سوا اور کوئی نام نہیں دیا جا سکتا۔

(2) انجمن کو جو حضور کی زندگی میں قائم کی گئی۔ مگر حضرت اقدس نے اس کے سپرد صرف یہ کام کیا تھا کہ وہ چندوں کی وصولی اور ان کے خرچ کیلئے مناسب تجاویز سوچا کرے اور حسب ہدایت سلسلہ خرچ کیا کرے۔

چنانچہ حضرت اقدس کے وصال کے موقعہ پر تمام جماعت میں سے کسی شخص کے وہم وگمان میں بھی یہ بات نہیں تھی کہ حضرت اقدس کے بعد سلسلہ خلافت جاری نہیں ہوگا بلکہ انجمن آپ کی خلیفہ ہوگی چنانچہ جن لوگوں نے بعد کو سلسلہ خلافت سے انکار کیا ہے۔ انہوں نے بھی حضرت مولانا حکیم نور الدین صاحب کے دست حق پرست پر حضرت اقدس کا خلیفہ ہونے کی حیثیت سے آپ کی بیعت کی اور اسے مطابق ''رسالہ الوصیت'' قرار دیا اور انہوں نے اس امر کو اپنے دستخطوں کے ساتھ ساری جماعت میں شائع کیا۔

(حیات طیبہ صفحہ 307)

جماعت احمدیہ برطانیہ کے 38ویں جلسہ سالانہ کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احباب جماعت کو نصیحت فرمائی کہ ہر احمدی کو فکر اور کوشش کر کے نظام وصیت میں شامل ہونا چاہئے۔ کیونکہ اس میں شمولیت کی برکت سے پاک روحانی تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لئے اس میں شامل ہو کر حضرت مسیح موعود کی ان دعاؤں کا بھی وارث بننا چاہئے۔ جو آپ نے اس نظام میں شامل ہونے والوں کے لئے کی ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ اس نظام میں تاحال شامل ہونے والوں کی رفتار کم ہے اور 38000 افراد اس میں شامل ہیں۔ میری خواہش ہے کہ اس میں شامل ہونے والوں کی تعداد بڑھے اور 2005ء تک جب اس نظام پر 100 سال پورے ہو جائیں تو 15000 نئی وصایا ہو جائیں اور دوسری خواہش یہ ہے کہ 2008ء میں جب نظام خلافت کے قیام پر 100 سال پورے ہوں تو دنیا کے ہر ملک میں جماعت کے چندہ دہندگان میں سے کم از کم 50 فیصد افراد ایسے ہوں جو نظام وصیت میں شامل ہو چکے ہوں۔ اور یہ بھی جماعت کی طرف سے خدا کے حضور ایک نذرانہ ہوگا۔ خدام الاحمدیہ، انصار اللہ کی صف دوم اور لجنہ اماء اللہ کو اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے۔ (ماہنامہ انصار اللہ اکتوبر 2004ء صفحہ 18)

6 اگست 2004ء کے خطبہ جمعہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

''اس شکرانے کے ضمن میں ایک اور بات بھی کہنی چاہتا ہوں کہ جلسے کی آخری تقریر میں میں نے احباب جماعت کو وصیت کرنے اور اس بابرکت نظام میں شامل ہونے کی طرف بھی توجہ دلائی تھی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعتوں اور احباب جماعت نے ذاتی طور پر بھی اس سلسلہ میں وعدے کئے ہیں اور وعدے آ بھی رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزا دے اور انہیں توفیق دے کہ وہ اس عہد کو جلد از جلد نبھا سکیں اور جتنی تعداد میں میں نے خواہش کی تھی اس سے بڑھ کر اس بابرکت نظام میں وہ شامل ہوں۔ بعض دفعہ دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض اچھے بھلے کھاتے پیتے لوگ ہوتے ہیں جو دوسری جماعتی خدمات میں بعض دفعہ جب ان کو کوئی تحریک کی جائے تو پیش پیش ہوتے ہیں یا کم از کم اتنا ضرور ہوتا ہے کہ جتنا زیادہ سے زیادہ حصہ لے سکتے ہیں اس میں حصہ لیں لیکن وہ نظام وصیت میں شامل ہونے سے محروم ہیں۔ ان میں سے بھی کئی لوگوں نے وعدہ کیا ہے کہ وہ اب اس نظام میں شامل ہوں گے۔ ایسے صاحب حیثیت لوگوں کو ایسے احمدیوں کو تو سب سے پہلے چھلانگ مار کر آگے آنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم پر فضل فرمائے ہیں۔ ان کے شکرانے کے طور پر ہم اس نظام میں شامل ہوں تا کہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے دروازے مزید کھلیں اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے دروازے مزید کھلیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو ان پر نعمتیں نازل فرمائی ہیں ان کا اظہار ہونا چاہئے اور قربانیوں کی طرف توجہ دینے کا بھی اظہار ہونا چاہئے۔''

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ کے اختتام پر فرمایا:

''پس اللہ تعالیٰ توفیق دے کہ اس کا شکر گزار بندہ بنتے ہوئے ہم بھی ان اعمال کو بجا لانے والے ہوں پھر جیسا کہ میں نے بتایا تھا کہ یہ نظام وصیت بھی ذہنوں اور مالوں کو پاک کرنے کا ذریعہ ہے۔ پاک کرنے کے ذریعے سے یہ مطلب ہے کہ پاک ذرائع سے کمائی ہوئی جو دولت ہے اس کو جب پاک مقاصد کیلئے خرچ کیا جائے گا تو اس سے تمہارے اندر جہاں روحانی تبدیلیاں پیدا ہوں گی وہاں تمہارے اموال و نفوس میں بے انتہا برکت پڑے گی۔ جیسا کہ حضرت اقدس مسیح موعود نے دعا کی ہے رسالہ الوصیت میں اور تین دفعہ یہ دعا کی ہے کہ ایسے لوگوں کو جو اس نظام میں شامل ہوں نیک اور پاک لوگوں کی جماعت بنا دے۔ تو مختصراً آج میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ جہاں جلسے کے بابرکت اختتام پر آپ نے شکرانے کا اظہار کیا اور شکرانے کا اظہار کر رہے ہیں وہاں اس شکرانے کا عملی اظہار بھی کریں کیونکہ جہاں اس نظام میں شامل ہونے والے تقویٰ میں ترقی کریں گے وہاں جماعت کی مضبوطی کا باعث بھی بنیں گے۔ جیسا کہ حضرت اقدس مسیح موعود نے رسالہ الوصیت میں دو باتوں کا ذکر فرمایا ہے کہ ایک تو یہ ہے کہ آپ کی وفات کے بعد نظام خلافت کا اجراء اور دوسرے اپنی وفات پر آپ کو یہ فکر پیدا ہونا کہ ایسا نظام جاری کیا جائے جس سے افراد جماعت میں تقویٰ بھی پیدا ہو اور اس میں ترقی بھی ہو اور دوسرے مالی قربانی کا بھی ایسا نظام جاری ہو جائے جس سے کھرے اور کھوٹے میں تمیز ہو جائے اور جماعت کی مالی ضروریات بھی باحسن پوری ہو سکیں۔ اس لئے وصیت کا نظام جاری فرمایا تھا تو اس لحاظ سے میرے نزدیک میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ نظام خلافت اور نظام وصیت کا بڑا گہرا تعلق ہے اور ضروری نہیں کہ ضروریات کے تحت پہلے خلفاء تحریکات کرتے رہے ہیں کہ آئندہ بھی مالی تحریکات ہوتی رہیں بلکہ نظام وصیت کو اب اتنا فعال ہو جانا چاہئے کہ سو سال بعد تقویٰ کے معیار بجائے گرنے کے نہ صرف قائم رہیں بلکہ بڑھیں اور اپنے اندر روحانی تبدیلیاں پیدا کرنے والے بھی پیدا ہوتے رہیں اور قربانیاں پیدا کرنے والے بھی پیدا ہوتے رہیں۔ یعنی حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے والے پیدا ہوتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ کے شکر گزار بندے پیدا ہوتے رہیں جب اس طرح کے معیار قائم ہوں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ خلافت حقہ بھی قائم رہے گی اور جماعتی ضروریات بھی پوری ہوتی رہیں گی۔ کیونکہ متقیوں کی جماعت کے ساتھ ہی خلافت کا ایک بہت بڑا تعلق ہے۔ اللہ تعالیٰ جماعت کو اس کی توفیق دے اور ہمیشہ خلافت کی نعمت کا شکر ادا کرنے والے پیدا ہوتے رہیں اور کوئی احمدی بھی ناشکری کرنے والا نہ ہو۔ کبھی دنیا داری میں اتنے محو نہ ہو جائیں کہ دین کو بھلا دیں۔''

(روزنامہ الفضل 28 ستمبر 2004)

تم اس وصیت کی تکمیل میں میرا ہاتھ بٹاؤ

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

اب میں پھر یہ ذکر کر کے اس کو ختم کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے جہاں میری وفات کی خبر دی ہے۔ یہ بھی فرمایا ہے۔(۔) جو مامور ہو کر آتا ہے۔ بڑا اعتراض عقلمندوں کا یہ ہوتا ہے کہ وہ مر گیا کام کیا کیا......؟ غرض اللہ تعالیٰ نے اس وحی میں بشارت دی ہے گویا اس کو اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے۔ اب سنو! جبکہ خدا تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے تو یہ ہو کر رہے گا۔ تمہیں مفت کا ثواب ہے پس تم اس وصیت کی تکمیل میں میرا ہاتھ بٹاؤ۔ وہ قادر خدا جس نے پیدا کیا ہے دنیا اور آخرت کی مرادیں دیدے گا۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 674)

20 نومبر 1905ء

اخبار الحکم لکھتا ہے۔

آجکل اعلیٰ حضرت حجۃ اللہ مسیح موعود کا علی العموم معمول ہے کہ صبح کو دس بجے کے قریب نئے مہمان خانہ میں جہاں سیٹھ عبدالرحمٰن صاحب نزیل ہیں تشریف لے آتے ہیں۔ دوسرے احباب بھی حاضر ہو جاتے ہیں۔ اور بارہ بجے کے قریب تک وہاں بیٹھے رہتے ہیں۔ (الحکم 30 نومبر 1905ء)

دارالامان میں عیدالفطر

28 نومبر 1905ء کو دارالامان میں عید ہوئی۔ کپورتھلہ تلونڈی ضلع سیالکوٹ ضلع ہوشیار پور ضلع جالندھر ضلع ملتان سے بعض احباب نماز عید میں شریک ہونے کے لئے حاضر ہوئے۔ حسب معمول سابق حضرت مولانا نور الدین صاحب نے نماز عید پڑھائی اور نماز کے بعد ایک لطیف مضمون اور ضروریات وقت کے حسب حال خطبہ پڑھا۔

(الحکم 30 نومبر 1905ء)

موعود اقوام عالم کی مقناطیسی شخصیت

بانی الحکم شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی کی یادداشت کے مطابق سیدنا محمود المصلح الموعود نے 26 دسمبر 1919ء کو اپنے خطاب کے دوران فرمایا:۔

'' مجھے یاد ہے قادیان میں ایک دفعہ پشاور سے ایک مہمان آیا اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود مغرب کی نماز کے بعد بیت میں بیٹھے تھے اور مہمان آپ سے ملتے تھے اور جیسا کہ میں نے سنا ہے نبیوں سے ان کے متبعین کو خاص محبت اور اخلاص ہوتا ہے............ جیسا کہ ہمارے مفتی محمد صادق صاحب کی روایت ہے جلسہ کے ایام میں ایک دفعہ جب حضرت صاحب باہر نکلے تو آپ کے اردگرد بڑا ہجوم ہو گیا۔ اس ہجوم میں ایک شخص نے حضرت صاحب سے مصافحہ کیا اور ہجوم سے باہر نکل کر اپنے ساتھی سے پوچھا کہ تم نے مصافحہ کیا یا نہیں۔ اس نے کہا اتنی بھیڑ میں کہاں جگہ مل سکتی ہے اس نے کہا جس طرح ہو سکے مصافحہ کر خواہ تمہارے بدن کی ہڈی کیوں نہ جدا ہو جاوے یہ موقعے روز روز نہیں ملا کرتے چنانچہ وہ گیا اور مصافحہ کیا''

(الحکم قادیان 28 دسمبر 1939ء صفحہ 13)

اعجاز احمد کلیم صاحب

شمالی علاقہ جات کا ایک خوبصورت مقام

وادی یاسین

کوہ قراقرم اور ہندوکش کا شمار دنیا کے بلند ترین پہاڑی سلسلوں میں ہوتا ہے۔ پہاڑوں کی سربہ فلک اور برف پوش چوٹیاں اپنے اندر ایک عجیب حسن اور خوبصورتی لئے ہوئے ہیں۔ انہی پہاڑی سلسلوں کے بیچوں بیچ پائن اور جونیپر کے درختوں سے مالا مال اور بل کھاتے دریائے یاسین کے پانیوں کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے وادی یاسین ملکی و غیر ملکی سیاحوں کو دعوت نظارہ دیتی ہے۔ وادی یاسین سطح سمندر سے 2100 سے 2700 میٹر کی بلندی پر واقع ہے۔ جس کی وجہ سے گرمیوں کا موسم انتہائی خوشگوار رہوتا ہے۔

وادی یاسین شمالی علاقہ جات کے ضلع غذر میں واقع ہے۔ جو کہ گلگت سے تین، چار گھنٹے کی مسافت پر ہے۔ عام طور پر لوگوں کی توجہ وادی یاسین کی نسبت گلگت کی شمالی وادیوں کی طرف زیادہ ہے مگر جو خوبصورتی وادی یاسین کے حصے میں آتی ہے وہ اسی کا خاصہ ہے۔ یوں تو وادی یاسین ایک وسیع رقبے پر مشتمل ہے۔ مگر یاسین گاؤں، طاؤس، سندی، ہندر، خرقلتی اور درکوٹ اہم جگہیں ہیں۔ وادی یاسین جانے کے لئے گلگت کے پونیال روڈ کے سٹینڈ سے آسانی سے سواری دستیاب ہے۔ کرایہ تقریباً 80 روپے فی سواری ہے۔

گلگت سے گوپس تک سفر دریائے غذر کے کنارے ہے۔ شیر قلعہ، سنگل، گاہکوچ اور درمدر سے ہوتے ہوئے آپ تین گھنٹوں میں گوپس پہنچ جائیں گے۔ گوپس سے آگے دریائے یاسین کے ساتھ سفر کا آغاز ہوتا ہے۔ سبزہ ہریالی اور برف پوش پہاڑ آنکھوں کو تازگی اور فرحت بخشتے ہیں۔ ویگن عام طور پر سندی تک جاتی ہے۔ ہندر اور درکوٹ کے لئے سپیشل جیپ کرایہ پر لینی پڑتی ہے۔

لوگ اور پیشے

وادی یاسین کے لوگ انتہائی ملنسار، خوش اخلاق اور مہمان نواز ہیں۔ تقریباً ہر گھر میں ایک مہمان خانہ ہے جہاں فرش پر دری بچھا کر اس پر گاؤ تکیئے لگا کر بیٹھنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ یہ لوگ عام طور پر اپنے مہمانوں کی تواضع مخصوص قسم کے بنے ہوئے پراٹھے، خالص دیسی گھی اور نمکین چائے سے کرتے ہیں۔ یاسین میں دو اہم زبانیں کھووار (چترال کی زبان) اور براشسکی (ہنزہ کی زبان) بولی جاتی ہیں۔ شینا بولنے والوں کی تعداد یہاں کم ہے۔

یہاں کے لوگوں کا ایک اہم پیشہ بھیڑ بکریاں پالنا ہے۔ گرمیوں کے موسم کے آغاز کے ساتھ ہی لوگ اپنے مویشی لے کر اوپر کے علاقوں کی طرف چلے جاتے ہیں تا کہ چارے کا مناسب انتظام ہو سکے۔ اس کے علاوہ لوگ مختلف قریبی شہروں میں بھی کام کرتے ہیں۔ فوج میں ملازمت بھی اس وادی کے لوگوں کا ایک اہم پیشہ ہے۔ یاد رہے کہ حوالدار لالک جان نشان حیدر کا تعلق بھی وادی یاسین سے ہی تھا۔

قابل دید مقامات

یوں تو اللہ تعالیٰ نے تمام وادی یاسین کو ہی خوبصورتی اور قدرتی نظاروں سے مالا مال کیا ہے۔ مگر سندی بالا سے اسمبر کی طرف مایور کے قریب ایک جھیل ہے جہاں سندی سے قریباً چار سے پانچ گھنٹے میں (پیدل) پہنچا جا سکتا ہے۔ جھیل کی خوبصورتی دل موہ لینے والی ہے۔ اور اس کے چاندی جیسے اجلے اور شفاف پانی میں برف پوش پہاڑوں کا ہلکورے لیتا ہوا عکس انسان کو وادی یاسین کی پر تھکن مسافت کو یکسر فراموش کر دینے پر مجبور کر دیتا ہے۔ مایور سے ایک راستہ درمدر کی طرف چلا جاتا ہے۔ اس طرف بھی قریباً دو گھنٹے کے فاصلے پر ایک بہت بڑی جھیل ہے جو نا قابل بیان حسن اپنے اندر سمیٹے ہوئے اپنی مثال آپ ہے۔ عام گزرگاہ سے ہٹ کر ہونے کی وجہ سے ان جھیلوں کا قدرتی حسن ابھی تک برقرار ہے۔ سندی بالا کے قریب ماڈوری بھی (جنگ آزادی کے حوالے سے) ایک اہم تاریخی اہمیت کی حامل جگہ ہے۔

وادی یاسین ٹریکنگ کا شوق رکھنے والوں کے لئے خاص اہمیت کی حامل جگہ ہے۔ کیونکہ یہ چند اہم ٹریکس کا نقطہ آغاز ہے۔ جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

1۔ نازبر پاس یارخون وادی کی طرف
(4974 میٹر)

2۔ اسمبر پاس، اشکومان کی طرف
(4410 میٹر)

3۔ تھوئی پاس یارخون وادی کی طرف
(4499 میٹر)

4۔ اشکومان پاس، اشکومان کی طرف
(4587 میٹر)

5۔ درکوٹ پاس بروغل کی طرف
(4575 میٹر)

یہ تمام ٹریکس نہ صرف یہ کہ قدرتی نظاروں اور قدرتی رعنائیوں سے بھرپور ہیں بلکہ ٹریکنگ کا شوق رکھنے والوں کے لئے مکمل طور پر تسکین کا باعث بھی ہیں۔

اگر آپ وادی یاسین جائیں اور چند دن فراغت کے اس وادی میں گزاریں تو اس کا قدرتی حسن اور نظارے تا دیر آپ کے ذہن سے محو نہیں ہو سکیں گے اور جب بھی کبھی آپ کے ذہن میں وادی یاسین کا خیال آئے گا آپ تصور میں اس وادی میں پہنچ جائیں گے اور اپنے آپ کو اس وادی کا حصہ محسوس کریں گے۔

تبصرہ کتب

حقیقۃ التوبہ

نام کتاب۔ حقیقۃ التوبہ
مرتبہ۔ عبدالسلام طاہر ملک
شائع کردہ۔ لجنہ اماء اللہ فیصل آباد شہر
سن اشاعت۔ مارچ 2005ء
صفحات۔ 36

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں ”میرے دوست سن رکھیں کہ وہ میری باتوں کو ضائع نہ کریں اور ان کو صرف ایک قصہ گو یا داستان گو کی کہانیوں ہی کا رنگ نہ دیں۔ بلکہ میں نے یہ ساری باتیں نہایت دلسوزی اور سچی ہمدردی سے جو فطرتاً میری روح میں ہے کی ہیں۔ ان کو گوش دل سے سنو اور ان پر عمل کرو“۔

مکرم عبدالسلام طاہر ملک صاحب نے کتاب زیر تبصرہ میں کتب حضرت مسیح موعود اور ملفوظات سے حقیقۃ التوبہ کے متعلق ارشادات عالیہ اکٹھے کر دیئے ہیں۔ جن کے پڑھنے سے ایمان میں تازگی اور اللہ تعالیٰ کی خشیت دل میں پیدا ہوتی ہے جس سے ایک نئی روحانی زندگی جنم لیتی ہے۔

توبہ کی حقیقت بیان کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

لوگوں کو توبہ کی حقیقت کا علم نہیں۔ توبہ اس بات کا نام نہیں کہ صرف منہ سے توبہ کا لفظ کہہ دیا جاوے بلکہ حقیقی توبہ یہ ہے کہ نفس کی قربانی کی جاوے۔ جو شخص توبہ کرتا ہے وہ اپنے نفس پر انقلاب ڈالتا ہے۔ گویا دوسرے لفظوں میں وہ مر جاتا ہے۔ خدا کے لئے یہ تغیر عظیم انسان دکھ اٹھا کر کرتا ہے تو وہ اس کی گزشتہ بداعمالیوں کا کفارہ ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ کتاب احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے مفید اور بابرکت ثابت ہو اور ان کی زندگیوں میں پاک روحانی انقلاب پیدا کرنے کا باعث بنے۔ (ع۔س۔خ)

رپورٹ روبینہ کوثر جنرل سیکرٹری لجنہ آسٹریا

لجنہ اماء اللہ آسٹریا کا تیسرا سالانہ اجتماع

مورخہ 19 دسمبر 2004ء کو لجنہ اماء اللہ آسٹریا کو اپنا تیسرا سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ پروگرام کے مطابق پہلے اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو کہ امبر ماجد صاحبہ نے اردو ترجمہ کے ساتھ پیش کی اور بینش حسین نے جرمن ترجمہ پیش کیا۔ حدیث نبویؐ ترجمہ اور مختصر تشریح کے ساتھ محترمہ صدف وہاب صاحبہ نے پیش کی۔ نظم اور عہد کے بعد صدر لجنہ محترمہ رضوانہ شفیق صاحبہ نے اپنے افتتاحی خطاب میں ممبرات کو مفید نصائح سے نوازا۔

بعد ازاں علمی مقابلہ جات کا آغاز ہوا۔ مقابلہ حُسن قرأت، مقابلہ حفظ قرآن، نظم اور تقریری مقابلہ جات کے اختتام پر پہلے اجلاس کی کارروائی برخاست ہوئی۔ وقفہ نماز ظہر و عصر کے بعد دوسرے اجلاس کی کارروائی کا آغاز حسب معمول تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو کہ صدف وہاب صاحبہ نے اردو ترجمہ کے ساتھ پیش کی اس کے بعد بقیّہ علمی مقابلہ جات کروائے گئے۔ اس اجتماع میں لجنہ کی حاضری 90 فیصد رہی۔ اس موقع پر محترمہ امتہ القدوس صاحبہ سوئٹزرلینڈ سے مرکزی نمائندہ کی حیثیت سے موجود تھیں۔ انہوں نے اجتماع میں لجنہ کی شرکت اور تمام ممبرات کی علمی مقابلہ جات میں دلچسپی کو سراہا اور تربیت کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

آخر میں تقسیم انعامات اور دعا کے ساتھ اس بابرکت تقریب کا اختتام ہوا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ تمام شرکاء کو اجتماع کی برکات سے بھرپور حصّہ دے اور اپنے فضلوں کا وارث بنائے۔ آمین

